© rasailojaraid.com



باغ میں منعقد ہوا جس میں چاروں صوبوں اور فاٹا سے مرکزی شوریٰ کے ممبران نے شرکت کی

۷ دسمبر کو پشاور میں قبائلی جرگہ کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت مولانا مدظلہ نے فرمائی۔

۸ دسمبر کو حضرت مولانا سمیع الحق نے امریکی صدر ٹرمپ کے خلاف اور بیت المقدس کی آزادی کیلئے ایک عظیم الشان مظاہرے کیا جو دارالعلوم حقانیہ سے شروع ہو کر شہر کے بازاروں اور جی ٹی روڈ سے گزرتے ہوئے باچا خان چوک میں ایک عظیم جلسہ کی شکل اختیار کر گیا جسمیں ہزاروں افراد نے شرکت کی۔

## شیخ الحدیث حضرت مولانا انوارالحق صاحب مدظلہ کی مصروفیات:

☆ ۱۶ نومبر مسئول وفاق المدارس بونیر کی دعوت پر ڈگر کے قریب بمقام الغا پور بونیر کے دوسو سے زیادہ مدارس کے کنونشن میں شرکت کی اور علماء وطلباء جو سینکڑوں تعداد میں جمع تھے، آپ نے علم دین کی فضیلت اور شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ رحمۃ کے وفاق کیلئے خدمات پر روشنی ڈالی۔

☆ ۲۹ نومبر کو پانچوں وفاقوں سے ملحق بعض علماء نے وفد کی شکل میں پشاور میں چیف آف آرمی سٹاف جنرل محمد جاوید باجوہ سے ملاقات کی، جنرل صاحب نے تفصیل سے ملکی، بین الاقوامی حالات اور خصوصاً سعودی عرب اور ایران کے دوروں پر خود تفصیلی بریفنگ دی، علماء کے کردار کو سراہا جس کے بعد علماء سے سوالات کرنے کا فرمایا۔ نائب مہتمم حضرت مولانا انوارالحق نے بھی اظہار خیال فرمایا، علماء کی ہر تجویز کو انتہائی غور و ذوق سے سنا اور انکے تفصیلی جوابات دیئے۔ وفاق کو درپیش مشکلات سے آگاہ کیا گیا۔ جنہیں حل کرنے کا فرمایا، ملاقات کا سلسلہ ڈھائی گھنٹہ تک جاری رہا۔ ملاقات میں حافظ مولانا سلمان الحق حقانی بھی موجود تھے۔

☆ یکم دسمبر کو بمقام بھگن کرم ایجنسی میں سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اجتماع میں نائب مہتمم مولانا انوارالحق صاحب مدظلہ نے شرکت کی، ہزاروں علماء عوام کی موجودگی میں آپ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق حسنہ کے موضوع پر تفصیلی تقریر کی، بعد میں نماز جمعہ کا خطبہ بھی آپ نے پڑھایا، ایجنسی کے تمام پولیٹکل حکام اس موقعہ پر شریک رہے۔

☆ ۳ دسمبر جامعۃ الرشید ٹرسٹ کراچی کے چالیس رکنی طلباء نے دورہ حدیث جامعہ حقانیہ دیکھنے اور اساتذۃ وشیوخ سند اجازہ حاصل کرنے کیلئے یہ طویل سفر اختیار کیا۔ جامعہ حقانیہ نے حضرت شیخ الحدیث مولانا سمیع الحق کے درس ترمذی اور شیخ الحدیث مولانا انوارالحق کے درس بخاری میں شرکت کر کے انہیں دونوں کی اسناد حدیث دی گئیں۔

© rasailojaraid.com